SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
September 7, 2021

ایس ای سی پی کا حقیقی ملکیت کاڈیکلریشن جمع نہ کروانے والی کمپنیوں کو آخری موقع

اسلام آباد (ستمبر 7): سکیورٹیزاینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ایسی تمام کمپنیوں جنہوں نے ابھی تک حقیقی ملکیت کا ڈیکلریشن جمع نہیں کروایا، انہیں جلد از جلد فارم 45 جمع کروانے کی ہدایت کی ہے، بصورت دیگر فارم جمع نہ کروانے والی کمپنیوں کے بھیجے گئے نوٹس پر قانونی کارروائی شروع کر رہا ہے۔

واضح رہے کہ قانون کے مطابق ہر کمپنی کے لئے لازمی ہے کہ وہ حقیقی ملکیت رکھنے والے افراد کا ریکارڈ مرتب رکھے اوراس حوالے سے حلف نامہ (ڈیکلریشن) فارم 45 کے ذریعے ایس ای سی پی کو جمع کروائے۔ کمپنیوں اور کارپوریٹ اداروں کی ملکیت کی معلومات کے حوالے سے شفافیت برقرار رکھنے کے لئے ایک طریق دنیا بھر میں رائج ہے۔

کمپنیوں کی جانب سے حقیقی ملکیت کاڈیکلریشن جمع کروانے کے حوالے سے مثبت رد عمل کا مظاہرہ کیا گیا ہے، تاہم ایسی تمام کمپنیوں جنہوں نے ابھی تک مطلوبہ فارم 45 جمع نہیں کروایا ہے، کو ہدایت کی جاتی ہے کہ جلد از جلد ڈیکلریشن کا فارم 45 جمع کروادیں۔ فارم جمع نہ کروانے والی کمپنیوں کو پہلے ہی نوٹس بھجوائے جاچکے ہیں اور تعمیل نہ کروانے والی کمپنیوں کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر جائے گی، جس میں کمپنی پر ایک کروڑ روپے تک کا جرمانہ عائد کیا جاسکتا ہے۔

ایس ای سی پی کمپنیوں کو فارم 45 جمع کروانے کے لئے وقتاً فوقتاً یاددہانی کرواتا رہا ہے جبکہ اس حوالے سے پرنٹ اور سوشل میڈیا کے ذریعے ایک فعال آگہی مہم بھی چلائی گئی۔ ایس ای سی پی کو فارم 45 جمع کروانے کے لیے آن لائن سہولت موجود ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005